

قرآن کا پیغام

تمام انسانوں کے نام

مؤلف

قاری غلام ربانی قاسمی

ناشر

مرکز دعوت فکر اسلامی حیدرآباد، تلنگانہ-انڈیا

Quba Graphics Ph: 9704172672, 8801198133

ساری کائنات کا ایک ہی مدعی

اگر دنیا کے کسی بھی ملک کی عدالت میں کوئی آدمی یہ دعویٰ کرے کہ فلاں چیز میری ملکیت ہے اور عدالت اشتہار کے ذریعہ اعلان کرے کہ اگر اس چیز کی ملکیت کا کوئی دوسرا آدمی دعویدار ہے تو وہ عدالت میں حاضر ہوکر اپنا دعویٰ پیش کرے، طویل انتظار کے باوجود اگر کوئی آدمی عدالت میں حاضر نہیں ہوتا ہے تو ایسی صورت میں عدالت کا فیصلہ کیا ہوگا؟ یہی فیصلہ نہ ہوگا کہ مدعی اپنے دعویٰ میں سچا ہے اور فلاں چیز اس مدعی کی ملکیت ہے۔

اسی طرح جب ساری کائنات کی خالقیت ، مالکیت ، ناظمیت اور حاکمیت کا مدعی صرف ایک اللہ ہے دوسرا کوئی نہیں تو ایسی صورت میں صرف ایک اللہ کو ماننے اور صرف اسی ایک اللہ کی عبادت اور بندگی کرنے میں کونسی چیز رکاوٹ ہے، اگر کوئی چیز رکاوٹ نہیں ہے تو مرکز دعوت فکر اسلامی حیدرآباد دنیا کے تمام انسانوں کو دعوت دیتا ہے کہ ساری کائنات پر صرف ایک اللہ کی خالقیت، مالکیت ، ناظمیت اور حاکمیت کو تسلیم کرو اور صرف ایک ہی اللہ کی عبادت اور بندگی کرو اسی میں تمام انسانوں کی بھلائی اور کامیابی ہے۔

مرکز دعوت فکر اسلامی، نزد مشرقی ایرہ کنٹہ، حیدرآباد، تلنگانہ-انڈیا